شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

15 اگست 2025ء

پریس ریلیز

نیتن یاہو گریٹر اسرائیل کے قیام کے لیے تاریخی اور روحانی نہیں، شیطانی مشن پر ہے۔

امارتِ اسلامیہ افغانستان کا استقامت اور کامیابی سے چار سال مکمل کرنا قابل ستائش ہے۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): نیتن یاہو گریٹر اسرائیل کے قیام کے لیے تاریخی اور روحانی نہیں، شیطانی مشن پر ہے۔ امارتِ اسلامیہ افغانستان کا استقامت اور کامیابی سے چار سال مکمل کرنا قابل ستائش ہے۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔اُنھوں نے کہا کہ غزہ کے مظلوم اور مجبور مسلمانوں پر 22ماہ سے انسانیت سوز مظالم ڈھانے والا اسرائیلی وزیر اعظم نتن یاہو کسی خونخوار درندے سے کم نہیں۔ میڈیا کی اطلاعات کے مطابق ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل 7اکتوبر 2023ء کے بعد سے اب تک 65ہزار سے زائد فلسطینی مسلمانوں کو شہید کر چکی ہے، جن میں اکثریت بچوں اور عورتوں پر مشتمل ہے۔ غزہ کو کھنڈر بنا دیا گیا ہے۔اب غزہ کے مسلمانوں جو خوراک کے چند لقموں کے لیے جمع ہوتے ہیں ان پر صہیونی فوج گولیوں کی بوچھاڑ کر دیتی ہے، جس سے روزانہ کی بنیاد پر درجنوں مسلمانوں کو شہید کر دیا جاتا ہے۔اسرائیل کو اپنے ابلیسی ایجنڈا کو آگے بڑھانے میں امریکہ کی مکمل حمایت بلکہ معاونت حاصل ہے۔امریکہ اور اسرائیل دونوں اعلان کر چکے ہیں کہ غزہ کے مسلمانوں کو علاقہ بدر کر کے کنڑول اپنے ہاتھ میں لے لیں گے۔انہوں نے سوال اٹھایا کہ کیا نسل کُشی اور انسانیت کے خلاف جرائم کی مرتکب ناجائز صیہونی ریاست کے معاون امریکہ کے بار بار دورے کرنا ایک نظریاتی مسلم ملک کے اہم عہدے داروں کو زیب دیتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ اگرچہ قوم 14اگست منا چکی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہم آج بھی عالمی استعماری قوتوں کی غلامی میں بری طرح جکڑے ہوئے ہیں۔امیر تنظیم نے کہا کہ چار سال قبل امریکہ اور نیٹو سمیت 46 ممالک کی افواج کو ہزیمت ناک شکست دینے کے بعد افغان طالبان کی افغانستان میں حکومت کو قائم ہوئے چار سال ہو چکے ہیں۔ان چار برسوں میں امارتِ اسلامیہ افغانستان نے دن دونی رات چوگنی ترقی کی ہے اور وہ اپنے ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کی کوشش میں مصروف ہیں۔روس اور چین کے ساتھ بہترین تعلقات قائم کر چکے ہیں اور ان دونوں ممالک کے ساتھ افغانستان معاہدے کر رہا ہے۔امیر تنظیم نے کہا کہ حال ہی میں افغانستان اور پاکستان کے مابین سرد مہری کا کسی حد تک کم ہونا انتہائی خوش آئند ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جب تک مسلم ممالک آپس کے اتحاد کی طرف سنجیدگی سے نہیں بڑھتے، دشمن کے مذموم مقاصد کو ناکام نہیں بنا سکیں گے۔

جاری کردہ
رضاءالحق
مرکزی ناظم نشرو اشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: Aug 15th, 2025

Netanyahu is on a satanic mission, not a historical or spiritual one, to establish Greater Israel.
The Islamic Emirate of Afghanistan completing four years with steadfastness and success is commendable.
(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, who said that Israeli Prime Minister Netanyahu, who has been inflicting inhumane atrocities upon the oppressed Muslims of Gaza for the past 22 months, is no less than a bloodthirsty beast. According to media reports, since 7 October 2023, the illegal Zionist state of Israel has martyred more than 65,000 Palestinian Muslims, the majority of them women and children, and has turned Gaza into ruins. Now, when the Muslims of Gaza gather for a few morsels of food, the Zionist army opens fire on them, martyring dozens daily. Israel enjoys the full support – rather, the active assistance – of America in advancing its satanic agenda, and both America and Israel have openly declared their plan to displace the Muslims of Gaza and take control of the territory. He questioned whether it befits the senior officials of an ideologically Muslim state to repeatedly visit America, which supports a Zionist regime guilty of genocide and crimes against humanity. He added that although the nation has celebrated 14 August, the reality is that we remain tightly bound in the shackles of global colonial powers.

Shujauddin Shaikh further stated that four years ago, after inflicting a humiliating defeat on the combined forces of America, NATO, and 46 other countries, the Afghan Taliban established their government in Afghanistan. In these four years, the Islamic Emirate of Afghanistan has made remarkable progress and continues to strive for the implementation of the Islamic system in their country, while building strong relations with Russia and China and entering into agreements with both nations. He welcomed the recent thaw in relations between Afghanistan and Pakistan, stating that the reality remains that until Muslim countries move seriously towards unity among themselves, they will not be able to thwart the enemy's nefarious designs.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat